## گرامر کا سبق 8b مزید فیہ: وَلّٰى

یہ فعل عَلَّمَ کے وزن پر ہے، لیکن اس میں کمزور حرف ہے۔ (وَلّٰى ← وَلّٰى)

یہ هَدٰى ہی کی طرح ہے اس لیے کہ اس کے آخر میں کھڑا زبر (ی کی شکل میں) ہے۔ آپ نے هَدٰى کے ٹیبل میں جو تبدیلیاں سیکھیں ہے وہ یہاں بھی جمع کے صیغوں کو بنانے میں کام آسکتی ہیں۔ (هَدٰى، هَدَوْا، يَهْدِيْ، يَهْدُوْنَ، اِهْدِ، اِهْدُوْا، هَادٍ، هَادُوْنَ)

وَلّٰى: اس نے پھیرا

(خانوں کے الفاظ میں 3 افعال کی چابیاں ہیں اور 3 اسماء کی چابیاں)

| فعل ماضٍ | | فعل مضارِع | | فعل أمر، فعل نهى، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَلّٰى | اس نے پھیرا | يُوَلِّيْ | وہ پھیرتا ہے | وَلِّ | پھیر! |
| وَلَّوْا | ان سب نے پھیرا | يُوَلُّوْنَ | وہ سب پھیرتے ہیں | وَلُّوْا | پھیرو! |
| وَلَّيْتَ | آپ نے پھیرا | تُوَلِّيْ | آپ پھیرتے ہیں | لَا تُوَلِّ | مت پھیر! |
| وَلَّيْتُ | میں نے پھیرا | أُوَلِّيْ | میں پھیرتا ہوں | لَا تُوَلُّوْا | مت پھیرو! |
| وَلَّيْتُمْ | آپ سب نے پھیرا | تُوَلُّوْنَ | آپ سب پھیرتے ہیں | مُوَلٍّ | پھیرنے والا |
| وَلَّيْنَا | ہم سب نے پھیرا | نُوَلِّيْ | ہم سب پھیرتے ہیں | مُوَلًّى عَنْهُ | جس سے پھیرا گیا |
| وَلَّتْ | اس عورت نے پھیرا | تُوَلِّيْ | وہ عورت پھیرتی ہے | تَوْلِيَة | پھیرنا |

### ۞۞۞۞ عربی بول چال ۞۞۞۞

هَلْ وَلّٰى وَجْهَهُ؟ — نَعَمْ، وَلّٰى وَجْهَهُ.

هَلْ وَلَّوْا وُجُوْهَهُمْ؟ — نَعَمْ، وَلَّوْا وُجُوْهَهُمْ.

هَلْ وَلَّيْتَ وَجْهَكَ؟ — نَعَمْ، وَلَّيْتُ وَجْهِيْ.

هَلْ وَلَّيْتُمْ وُجُوْهَكُمْ؟ — نَعَمْ، وَلَّيْنَا وُجُوْهَنَا.

---

کلاس کے بعد آپس میں سوالات و جوابات کیجیے:

- فعل مضارع: هَلْ يُوَلِّيْ وَجْهَهُ؟ — نَعَمْ، يُوَلِّيْ وَجْهَهُ.
- فعل نهى: لَا تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ! — لَا نُوَلِّيْ وُجُوْهَنَا.
- اسم فاعل/اسم مفعول: هَلْ أَنْتَ مُوَلٍّ؟ — نَعَمْ، أَنَا مُوَلٍّ.

وَلّٰى ہی کی طرح نَجّٰى (اس نے نجات دی) کا پورا ٹیبل بنایا جاسکتا ہے۔ اسی طرح کچھ اور افعال بھی اسی اسٹائل پر آتے ہیں۔